نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید محمد عاشق حسین کرمانی کا ماڈل بازار وحدت کالونی اور ہربنس پورہ لاہور کا دورہ

وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کو معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی اولین ترجیح ہے۔

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین شاہ کرمانی

لاہور12مارچ2024: صوبائی وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین شاہ کرمانی نے رمضان المبارک کیلئے قائم ماڈل بازار وحدت کالونی اور ہربنس پورہ لاہور کا دورہ کیا اورعوام الناس کو اشیائے ضروریہ کی فراہمی وکوالٹی کا جائزہ لیا۔اس موقع پر وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین شاہ کرمانی نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق شہریوں کو معیاری اشیائے ضروریہ کی فراہمی اولین ترجیح ہے اوراس ضمن میں زیروٹالرینس پالیسی پر عملدرآمد کیا جارہا ہے۔وزیرزراعت پنجاب نے ماڈل بازار وحدت کالونی کے دورہ کے موقع پر دوکانداروں کو پرائس لسٹ نمایاں جگہ آویزاں کرنے کی ہدایت کی اور بازار میں قائم فیئر پرائس شاپ پر لمبی قطاروں کو دیکھ کر اور شہریوں کے مطالبہ پر فیئر پرائس شاپس کے سٹالز کو دوگنا کرنے کے احکامات صادر کیے۔انھوں نے انتظامیہ کو ہدایات دیں کہ وہ اپنا طرزعمل اوراخلاق بہتر کریں۔شہریوں کو لمبی قطاروں میں کھڑا ہرگز نہیں ہونا چاہیے۔بعدازاں،ہربنس پورہ ماڈل بازار کے دورہ کے موقع پر انھوں نے خراب کوالٹی کے پھلوں کی شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے کہا کہ اشیائے ضروریہ کی کوالٹی پر کسی قسم کا کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اورآئندہ سٹالز میں کوالٹی پراڈکٹس کی دستیابی یقینی بنائی جائے۔وزیرزراعت پنجاب نے ہربنس پورہ بازار میں بھی سٹالز کی تعداد میں اضافہ کیلئے موقع پر موجود اسسٹنٹ کمشنر شالامار لاہور ڈاکٹر انعم فاطمہ کو ہدایات دیں۔وزیرزراعت پنجاب نے واضح کیا کہ موجودہ حکومت کی اولین ترجیح شہریوں کو معیاری اور سستی اشیاءضروریہ کی فراہمی ہے اوراس سلسلے میں تمام متعلقہ افسران معیار کو یقینی بنائیں۔اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

☆☆☆☆